Question Paper Serial No. 100

# C

**CCE PR**
**NSR & NSPR**

ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 12 ]
Total No. of Printed Pages : 12 ]
ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 59 ]
Total No. of Questions : 59 ]

**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 12-U**

**Code No. : 12-U**

# ವಿಷಯ : ಪ್ರಥಮ ಭಾಷೆ – ಉರ್ದು

# Subject : FIRST LANGUAGE - URDU

**(ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಎನ್.ಎಸ್.ಆರ್. & ಎನ್.ಎಸ್.ಪಿ.ಆರ್.)**

**(Private Repeater / NSR & NSPR)**

ದಿನಾಂಕ : 28. 06. 2022] [ Date : 28. 06. 2022
ಸಮಯ : ಬೆಳಗ್ಗೆ 10-30 ರಿಂದ 1-45 ರವರೆಗೆ ] [ Time : 10-30 A.M. to 1-45 P.M.
ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 125 ] [ Max. Marks : 125

**عام ہدایات :**

1. سوالی پرچہ معروضی اور موضوعی قسم کے سوالوں پر مشتمل ہے جس میں 59 سوالات ہیں۔
2. اس سوالی پرچہ کو سربمہر کر دیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالی پرچہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔
3. معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔
4. بائیں ہاتھ کے حاشیے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔
5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالی پرچہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔

TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER
اس مقام سے سوالی پرچہ کھولئے
یہاں سے کاٹئے
Tear here

**I.** درجِ ذیل سوالات کے چار متبادل جواب دیے گئے ہیں۔ صحیح جواب منتخب کر کے لکھئے : **10 x 1 = 10**

1. الفاظ کا مجموعہ جس سے پوری بات سمجھ میں آجائے، کہلاتا ہے۔

A) جملہ B) مجموعۂ کلام

C) مجموعۂ الفاظ D) محاورہ

2. ''ممبئی جدّت پسند شہر ہے۔'' اس جملہ میں فعلِ ناقص یہ ہے۔

A) ممبئی B) جدّت پسند

C) شہر D) ہے

3. وہ منظوم کلام جس کا ہر شعر معنی کے اعتبار سے مکمل ہوتا ہے۔

A) حمد B) نعت

C) غزل D) قصیدہ

4. ابنِ مریم ہُوا کرے کوئی

میرے دکھ کی دَوا کرے کوئی

مذکورہ شعر میں اس صنعت کو استعمال کیا گیا ہے۔

A) صنعتِ تلمیح B) صنعتِ تکرار

C) صنعتِ تشبیہہ D) صنعتِ استعارہ

5. جس نظم میں کسی مرحوم شخص کی تعریف کی جائے، وہ ہے۔

A) منقبت B) مرثیہ

C) مثنوی D) قصیدہ

6. کلام میں متضاد الفاظ استعمال کئے جائیں تو وہ صنعت کہلاتی ہے۔

A) صنعتِ تکرار B) صنعتِ اشارہ

C) صنعتِ تجنیس D) صنعتِ تضاد

7. ارکان کی تکرار سے پیدا ہونے والے مخصوص وزن کو کہتے ہیں۔

A) ارکان B) بحر

C) اوزان D) علمِ عروض

8. کسی واقعہ، کیفیت یا صورتِ حال کی خبر دینے والا جملہ۔

A) جملۂ انشائیہ B) جملۂ فعلیہ

C) جملۂ خبریہ D) جملۂ اسمیہ

9. غزل کا سب سے اچھا شعر کہلاتا ہے۔

A) بیت الغزل B) بیت الشعراء

C) مطلع D) مقطع

10. چار مصرعوں پر مشتمل نظم کہلاتی ہے۔

A) حمد B) نعت

C) قصیدہ D) رباعی

**II.** پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھیے : **5 x 1 = 5**

11. مزدلفہ : مقام کا نام :: قصوا : ........

12. بدایوں کے شام وسحر : خودنوشت سوانح :: درشتی : ........

13. شاعرِ انقلاب : جوشؔ ملیح آبادی :: طوطیٔ ہند : ........

14. نیک مزاج : بدمزاج :: خوشگوار : ........

15. پروان چڑھنا : کامیاب ہونا :: پہاڑ ٹوٹنا : ........

**III.** درجِ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے : **8 x 1 = 8**

16. حجۃالوداع کے موقعہ پر مسلمانوں کی تعداد کتنی تھی ؟

17. احمد نگر جیل میں پنڈت نہرو نے کس کی مدد سے اُردو سیکھی ؟

18. شاعر کونسی عادت کو خلافِ آدمیت کہہ رہا ہے ؟

19. حضرت امام حسینؓ کے قدموں سے کون لپٹا تھا ؟

20. پہلے دن مصنف کو لالہ کرپاشنکر جی نے صبح کتنے بجے جگایا تھا ؟

21. ابتداء میں نسلِ آدم کو کیا آزادیاں نصیب تھیں ؟

22. امیر خسرو نے کم عمری میں کونسا فن سیکھا ؟

23. اونٹوں کو چَرانے والے سے مراد کون ہیں ؟

**IV.** درجِ ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے : **15 x 2 = 30**

24. حضور اکرمؐ کی آمد سے قبل دنیا کا کیا عالَم تھا ؟

25. اماں کی شکل اور قد کے بارے میں لکھئے۔

26. جواہرلال نہرو نے اندرا کی فرمائش کا کیا جواب دیا ؟

27. شاعر کے نزدیک رشوت کو چھوڑنا کس لئے محال ہے ؟

28. ودیا چرن جی کے اہنسا کی بات کرنے پر مولانا رجب نے کیا کہا ؟

29. حضرت امام حسینؓ اُمت کے واسطے کیا کچھ کر گذرنا چاہتے تھے ؟

30. مصنف صبح جاگنے کے بعد اپنے دل کو کس طرح بہلانے کی کوشش کرتا ہے ؟

31. ملک کی سرحدوں میں بٹے آدمی کی بے بسی کو شاعر نے کس طرح بیان کیا ہے ؟

32. یمین الدین آگے چل کر کس نام سے مشہور ہوئے ؟ انہوں نے ابتداء میں کیا تخلص اختیار کیا ؟

33. شادؔ عظیم آبادی نے رباعی میں کونسی حقیقت بیان کی ہے ؟

34. مصنف نے لالہ جی کے سامنے صبح کی تعریف کس طرح کی ؟

35. نویں ذی الحجہ کو عازمین حج نے کیا کِیا ؟

36. سرحدیں انسانی آزادی اور ترقی میں کس طرح رکاوٹ بنتی ہیں ؟

37. شاعر بچپن کے بہلاوے کی باتوں کو حسین جھوٹ کیوں کہتا ہے ؟

38. جمع اور واحد کے لحاظ سے غیر موزوں لفظ پر نشان لگائیے :

(a) واقعات، برسات، حالات

(b) الفاظ، اعمال، احسان

**V.** درجِ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے : 14 x 3 = 42

39. مصنف کو آخر کار کس طرح اپنی بیداری کا قائل ہونا پڑا ؟

40. امیر خسرو کو ابتدائی زندگی میں مصیبتوں کا سامنا کیوں کرنا پڑا ؟

41. رشوت ستانی کو مٹانے کے لئے کونسے اقدامات کرنے چاہیئے ؟

متن کے حوالے سے جملوں کی وضاحت کیجئے :

42. ''لوگو ! امن وسکون کے ساتھ، لوگو ! امن وسکون کے ساتھ۔''

43. ''اردو میری اور میری دادی کی زبان ہے۔''

44. ''آپ سحر خیز ہیں ذرا ہمیں بھی جگا دیا کیجئے۔''

درجِ ذیل نثر نگار کا تعارف لکھئے :

45. اداؔ جعفری

درجِ ذیل شاعر کا تعارف لکھئے :

46. میر انیسؔ

درجِ ذیل اشعار کی تشریح لکھئے :

47. یہ عشق نے دیکھا ہے، یہ عقل سے پنہاں ہے

قطرے میں سمندر ہے، ذرے میں بیاباں ہے

48. یہ جنّت مبارک رہے زاہدوں کو

کہ میں آپ کا سامنا چاہتا ہوں

49. فرصت کہاں کہ یاد کا ملبہ کریدتے

کچھ لوگ آندھیوں میں گرے اور سنبھل گئے

درجِ ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھئے :

50. ایک لفظ میں جواب دیجئے :

(i) ہدایت کرنے والا : ........................

(ii) سچ بولنے والا : ........................

(iii) مہارت رکھنے والا : ........................

51. مفرد جملہ کی تعریف کرتے ہوئے مثال لکھیے۔

52. صنعتِ تشبیہہ کی تعریف کرتے ہوئے کوئی ایک مثال لکھیے۔

یا

صنعتِ تکرار کی تعریف کرتے ہوئے کوئی ایک مثال لکھیے۔

**VI.** درجِ ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھیے : **5 x 4 = 20**

53. اپنی نصابی کتاب میں شامل ڈاکٹر صغریٰ عالم کی ''حمد'' کے کوئی چار اشعار زبانی لکھیے۔

یا

اپنی نصابی کتاب میں شامل ماہر القادری کی لکھی ''نعت'' کے ابتدائی چار اشعار زبانی لکھیے۔

54. کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیے :

(i) جگنو (ii) سرحدوں کا جال

55. حجۃ الوداع کے موقعہ پر دیئے گئے خطبہ میں حضور اکرمؐ نے حُسنِ معاشرت سے متعلق کیا ارشاد فرمایا ؟

56. امیر خسرو کی شاعرانہ اور فنکارانہ صلاحیتوں کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ؟

یا

ودیا چرن جی نے آپریشن کے بعد کی تقریر میں بھارت کے متعلق کیا کہا ؟

57. درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھ کر نیچے دیئے گئے سوالات کے جواب لکھئے :

پروفیسر بی شیخ علی بحیثیت مؤرخ بین الاقوامی شہرت کے مالک ہیں۔ آپ نے تاریخ کرناٹک پر بہت زیادہ کام کیا ہے۔ پچیس سے زیادہ کتابیں اس موضوع پر لکھی ہیں۔ بی شیخ علی صاحب کرناٹک کے اولین مورخ و محقق ہیں، جنہیں اس موضوع پر ایک نہیں تین ڈاکٹریٹ ڈگریاں پانے کا شرف حاصل ہے۔ علی گڑھ یونیورسٹی سے ٹیپو سلطان شہیدؒ پر مقالہ لکھ کر پہلی ڈاکٹریٹ کی ڈگری پائی۔ لندن یونیورسٹی سے نواب حیدر علی خان بہادر پر مقالہ لکھ کر دوسری اور حال ہی میں سات جلدوں پر مشتمل ''مفصل تاریخ کرناٹک'' ترتیب دے کر کنڑا یونیورسٹی ہمپی سے تیسری ڈاکٹریٹ ڈگری حاصل کی ہے۔ ڈاکٹر صاحب نے تاریخ کرناٹک پر ہی قلم نہیں اٹھایا، بلکہ تاریخ ہند، تاریخ عالم، تاریخ اسلام اور فلسفۂ تاریخ پر بھی کافی لکھا ہے۔ تاریخ ہند میں کرناٹک کے تلکاڈ کا مشہور خاندان گنگا وغیرہ پر بھی لکھا ہے۔ 'تاریخ نویسی کے اصول'، 'فلسفہ تاریخ'، 'تاریخِ اسلام'، 'اسلامی تمدن'، لائف آف سر سید احمد خان'، لائف آف ڈاکٹر ذاکر حسین'، 'گوا کی آزادی'، وغیرہ کتابیں آپ نے لکھیں جو مقبول خاص و عام ہیں۔

سوالات :

(i) پروفیسر بی شیخ علی نے کن موضوعات پر ڈاکٹریٹ کی تین ڈگریاں حاصل کیں ؟

(ii) پروفیسر بی شیخ علی کی مقبول کتابیں کونسی ہیں ؟

**VII.** خط کے اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درج ذیل خطوط میں سے کوئی ایک خط لکھئے : **1 x 5 = 5**

58. اپنے والد کے نام ایک خط لکھئے جس میں تعلیمی سیر و تفریح کی اجازت طلب کی گئی ہو۔

یا

اپنے صدر مدرس کے نام ایک خط لکھئے جس میں سندِ تبادلہ ( T.C. ) کی درخواست کی گئی ہو۔

**VIII.** کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیئے : **1 x 5 = 5**

59. کوویڈ– 19 وبا کا تعلیم پر اثر

یا

میرا پسندیدہ کھیل